احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

جمعہ 11 جون 2010ء

روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 11 جون 2010ء 27 جمادی الثانی 1431 ہجری 11 / احسان 1389 ہش جلد 60-95 نمبر 125

یہ میرا فضل ہے

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا۔ تمہاری مثال اور یہود اور نصاریٰ کی مثال ایسے شخص کی ہے جس نے کچھ مزدور لگائے اور کہا کہ صبح سے دوپہر تک ایک قیراط پر میرے لئے کون کام کرے گا؟ تب یہود نے کام کیا۔ پھر اس نے کہا: ایک قیراط پر دوپہر سے لے کر عصر تک کون کام کرے گا؟ تو نصاریٰ نے کام کیا۔ پھر اس نے کہا میرے لئے عصر سے لے کر شام تک دو قیراط پر کون کام کرے گا؟ سو وہ تم ہو اس پر یہود اور نصاریٰ ناراض ہو گئے اور کہنے لگے کہ زیادہ کام کرنے والے تو ہم ہوں مگر مزدوری کم ملے۔ تب اس شخص نے کہا کیا میں نے تمہیں تمہارے حق سے کچھ کم دیا ہے؟ انہوں نے کہا: نہیں اس نے کہا یہ تو میرا انعام ہے جسے چاہتا ہوں دیتا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الاجارہ باب الاجارۃ الی نصف النہار حدیث نمبر 2107)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دین کی راہ میں دو قسم کی تکلیفیں ہیں۔ ایک تکالیف شرعیہ جیسا کہ نماز ہے اور روزہ ہے اور حج ہے اور زکوٰۃ ہے۔ نماز کے واسطے انسان اپنے کاروبار کو ترک کرتا ہے اور ان کا ہرج بھی کر کے (بیت الذکر) میں جاتا ہے۔ سردی کے موسم میں پچھلی رات اٹھتا ہے۔ ماہ رمضان میں دن بھر کی بھوک اور پیاس برداشت کرتا ہے۔ حج میں سفر کی صعوبتیں اٹھاتا ہے۔ زکوٰۃ میں اپنی محنت کی کمائی دوسروں کے سپرد کر دیتا ہے۔ یہ سب تکالیف شرعیہ ہیں۔ اور انسان کے واسطے موجب ثواب ہیں۔ اس کا قدم خدا کی طرف بڑھاتی ہیں لیکن ان سب میں انسان کو ایک وسعت دی گئی ہے اور وہ اپنے آرام کی راہ تلاش کر لیتا ہے۔ جاڑے کے موسم میں وضو کے واسطے پانی گرم کر لیتا ہے۔ بہ سبب علالت کھڑا ہو کر نہ پڑھ سکے تو بیٹھ کر پڑھ لیتا ہے۔ رمضان میں سحری میں اٹھ کر خوب کھانا کھا لیتا ہے۔ بلکہ بعض لوگ ماہ صیام میں معمول سے بھی زیادہ خرچ کھانے پینے پر کر لیتے ہیں۔ غرض ان تکالیف شرعیہ میں کچھ نہ کچھ آرام کی صورت ساتھ ساتھ انسان نکالتا رہتا ہے۔ اس واسطے اس سے پورے طور پر صفائی نہیں ہوتی اور منازل سلوک جلدی سے طے نہیں ہو سکتے۔

لیکن تکالیف سماوی جو آسمان سے اترتی ہیں ان میں انسان کا اختیار نہیں ہوتا اور بہرحال برداشت کرنی پڑتی ہیں۔ اس واسطے ان کے ذریعہ سے انسان کو خدا تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔

ہر دو قسم کی تکلیف شرعی اور سماوی کا ذکر اللہ تعالیٰ نے قرآن شریف میں کیا ہے۔

1۔ تکالیف شرعی کے متعلق پہلے سیپارہ میں فرمایا ہے **الم ذٰلک الکتاب** ...... (البقرہ:2`3) یعنی مومن وہ ہے جو خدا تعالیٰ پر غیب سے ایمان لاتے ہیں۔ اپنی نماز کو کھڑا کرتے ہیں۔ یعنی صدہا وساوس آ کر دل کو اور طرف پھیر دیتے ہیں۔ مگر وہ بار بار خدا تعالیٰ کی طرف توجہ کر کے اپنی نماز کو جو بہ سبب وساوس کے گرتی رہتی ہے بار بار کھڑا کرتے رہتے ہیں خدا تعالیٰ کے دیئے ہوئے مال میں سے خرچ کرتے ہیں۔ یہ تکالیف شرعیہ ہیں مگر ان پر پورے طور سے بھروسہ حصول ثواب کا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ بہت سی باتوں میں انسان غفلت کرتا ہے اکثر نماز کی حقیقت اور مغز سے بے خبر ہو کر صرف پوست کو ادا کرتے ہیں۔

2۔ اس واسطے انسانی مدارج کی ترقی کے واسطے سماوی تکالیف بھی رکھی گئی ہیں ان کا ذکر بھی خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں کیا ہے۔ جہاں فرمایا ہے **ولنبلونکم بشیء** ...... (البقرہ:156 تا 158) یہ وہ مصائب ہیں جو خدا تعالیٰ اپنے ہاتھ سے ڈالتا ہے۔ یہ ایک آزمائش ہے جس میں کبھی تو انسان پر ایک بھارے درجہ کا ڈر لاحق ہوتا ہے۔ وہ ہر وقت اس خوف میں ہوتا ہے کہ شاید اب معاملہ بالکل بگڑ جائے گا۔ کبھی فقر و فاقہ شامل حال ہو جاتا ہے۔ ہر ایک امر میں انسان کا گزارہ بہت تنگی سے ہونے لگتا ہے۔ کبھی مال میں نقصان نمودار ہوتا ہے۔ تجارت اور دکانداری بگڑ جاتی ہے یا چور لے جاتے ہیں۔ کبھی ثمرات میں نقصان ہوتا ہے یعنی پھل خراب ہو جاتے ہیں۔ کھیتی ضائع ہو جاتی ہے یا اولاد عزیز مر جاتی ہے۔ محاورہ عرب میں اولاد کو بھی ثمر کہتے ہیں۔ اولاد کا فتنہ بھی بہت سخت ہوتا ہے۔ اکثر لوگ مجھے گھبرا کر خط لکھتے رہتے ہیں کہ آپ دعا کریں کہ میری اولاد ہو۔ اولاد کا فتنہ ایسا سخت ہے کہ بعض نادان اولاد کے مر جانے کے سبب دہریہ ہو جاتے ہیں۔ بعض جگہ اولاد انسان کو ایسی عزیز ہوتی ہے کہ وہ اس کے واسطے خدا تعالیٰ کا شریک بن جاتی ہے۔ بعض لوگ اولاد کے سبب سے دہریہ، ملحد اور بے ایمان بن جاتے ہیں۔ بعضوں کے بیٹے عیسائی بن جاتے ہیں تو وہ بھی اولاد کی خاطر عیسائی ہو جاتے ہیں۔ بعض بچے چھوٹی عمر میں مر جاتے ہیں تو وہ ماں باپ کے واسطے سلب ایمان کا موجب ہو جاتے ہیں۔

لیکن اللہ تعالیٰ ظالم نہیں۔ جب کسی پر صدمہ سخت ہو اور وہ صبر کرے تو جتنا صدمہ ہوا تنا ہی اس کا اجر بھی زیادہ ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ رحیم، غفور اور ستار ہے۔ وہ انسان کو اس واسطے تکلیف نہیں پہنچاتا کہ وہ تکلیف اٹھا کر دین سے الگ ہو جائے۔ بلکہ تکالیف اس واسطے آتی ہیں کہ انسان آگے قدم بڑھائے۔ صوفیاء کا قول ہے کہ ابتلاء کے وقت فاسق آدمی قدم پیچھے ہٹاتا ہے لیکن صالح آدمی اور بھی قدم آگے بڑھاتا ہے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص 414)

بیہودہ پروگراموں سے بچیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:۔

”حضرت مسیح موعود نے ایک احمدی سے توقع رکھی ہے کہ ہر قسم کے جھوٹ، زنا، بدنظری، لڑائی جھگڑا، ظلم، خیانت، فساد، بغاوت سے ہر صورت میں بچنا ہے۔ ہر وقت اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ میں ان برائیوں سے بچ رہا ہوں؟...... یہ برائیاں آج کل میڈیا کی وجہ سے عام ہو گئی ہیں۔ گھروں میں ٹیلی ویژن کے ذریعہ یا انٹرنیٹ کے ذریعہ سے ایسی ایسی بیہودہ اور لچر فلمیں اور پروگرام وغیرہ دکھائے جاتے ہیں جو انسان کو برائیوں میں دھکیل دیتے ہیں۔ خاص طور پر نوجوان لڑکے لڑکیاں بعض احمدی گھرانوں میں بھی اس برائی میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ پہلے تو روشن خیالی کے نام پر ان فلموں کو دیکھا جاتا ہے۔ پھر بعض بدقسمت گھر عملاً ان برائیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ تو یہ جو زنا جو ہے یہ دماغ کا اور آنکھ کا زنا بھی ہوتا ہے اور پھر یہی زنا بڑھتے بڑھتے حقیقی برائیوں میں مبتلا کر دیتا ہے۔ ماں باپ شروع میں احتیاط نہیں کرتے اور جب پانی سر سے اونچا ہو جاتا ہے تو پھر افسوس کرتے اور روتے ہیں کہ ہماری نسل بگڑ گئی، ہماری اولادیں برباد ہو گئی ہیں۔ اس لئے چاہیے کہ پہلے نظر رکھیں۔ بیہودہ پروگراموں کے دوران بچوں کو ٹی وی کے سامنے نہ بیٹھنے دیں اور انٹرنیٹ پر بھی نظر رکھیں۔“

(خطبہ جمعہ فرمودہ 23/اپریل 2010ء۔ الفضل انٹرنیشنل 14 مئی 2010ء)

(ناظر اصلاح و ارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2010ء)

....

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر نمبر 579

عالمی عدالت کے پیکر اتقاء جج کا

پیغام نونہالان احمدیت کے نام

اگست 1964ء کے آخری عشرہ میں خدام الاحمدیہ پشاور کا چوتھا سالانہ اجتماع اپنی شاندار روایات کے ساتھ انعقاد پذیر ہوا۔ ان دنوں جناب شمس الدین اسلم صاحب قائد خدام الاحمدیہ پشاور کے فرائض انجام دے رہے تھے اس موقع پر حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب جج عالمی عدالت انصاف ہیگ نے محترم خواجہ مختار احمد صاحب بٹ ایڈووکیٹ لاہور کی وساطت سے حسب ذیل حقیقت افروز پیغام ارسال فرمایا۔ جسے مقامی قیادت نے دیدہ زیب دوورقہ کی صورت میں شائع کر دیا اور اس طرح ایک انمول گنجینۂ معرفت نئی نسلوں کے لئے ریکارڈ ہو گیا۔

ہیگ 27/اگست 1964ء

حضرت مسیح موعودنے فرمایا ہے۔

درخت اپنے پھلوں سے پہچانا جاتا ہے۔

خدام الاحمدیہ(۔) احمدیت کا تازہ پھل ہیں۔ اس حیثیت سے وہ (۔) احمدیت کی شناخت کا ذریعہ ہیں۔ گویا وہ اس دور میں دینی تعلیم اور دینی اقدار کا عملی نمونہ اور چلتی پھرتی تصویر ہیں۔ چاہئے کہ یہ نمونہ ایسا خوش کن ہو۔ اس تصویر کے خدوخال ایسے دلکش ہوں کہ ہر دیکھنے والا جو (دین) کی تعلیم سے کچھ بھی واقفیت نہ رکھتا ہو اور محض روایتی قصوں کی بنا پر دین سے بُعد یا بُغض رکھتا ہو۔ بے ساختہ کہہ اٹھے۔ اگر (دین) وہ ہے۔ جس کا پھل یہ نوجوان ہیں۔ تو میں دل و جان سے (دین) کا شیدائی اور اس پر فریفتہ ہوں۔ اس لئے ضروری ہوا کہ ایک طرف تو خدام (دینی) تعلیم اور (دینی) اقدار کا صحیح اور تفصیلی علم حاصل کرتے رہیں کہ ہر حالت میں۔ ہر قدم پر۔ ہر مشکل اور ہر ابتلا کے موقعہ پر۔ ہر نعمت اور فراخی کے بدلے (دین) ہم سے کیا چاہتا ہے اور ساتھ ہی ساتھ ہر (دینی) قدر اور ہر (دینی) مطالبے کو عملی رنگ میں اپنے طرز وطریق سے روشن کرتے جائیں۔

خالی اقرار اور اعلان، تقریریں اور پیغام، جلسے اور اجتماع کچھ بھی حیثیت نہیں رکھتے۔ اگر وہ عمل کے محرک نہ ہوں اور قول وفعل میں تطابق پیدا نہ کرسکیں۔ اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں مومنوں کو خطاب فرماتے ہوئے فرماتا ہے۔ تم کیوں وہ باتیں کہتے ہو۔ جن پر تمہارا عمل شاہد نہیں۔ یہ بات ہماری سخت رنجیدگی کا موجب بنتی ہے کہ تم منہ سے کہو لیکن تمہارا عمل تمہارے قول کی تصدیق نہ کرے۔

سو اے عزیزو! اے جماعت احمدیہ کے نونہالو! یہ بات آپ کے دلوں میں پختگی سے قائم ہونی چاہئے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل بے پایاں اور کرم بے نہایت سے آپ کو چنا ہے اور یہ اعزاز آپ کو بخشا ہے۔ کہ آپ اس دور میں جو دنیاوی، علمی اور دماغی ترقیات میں اس قدر سبقت لے گیا ہے اور اس قدر سرعت سے بڑھ رہا ہے۔ (دینی) تعلیم اور (دینی) اقدار کی ضرورت اور فوقیت کو اپنے قول و فعل سے روشن اور ثابت کریں۔ اس انعام اعزاز کی صحیح قدر و قیمت یہی ہے کہ آپ میں سے ہر ایک اپنے اپنے حلقے میں اس تعلیم اور ان اقدار کا ایسا روشن اور نمونہ ہو کہ **جب کوئی متلاشیٔ حق آجکل کے پُرآشوب اور پُرفتن حالات میں دریافت کرے کہ میں سچائی، راستی، دیانت، ہمدردی، فروتنی، خاکساری، دلیری، ہمت، عالی حوصلگی، شجاعت، خدمت، قربانی، جان نثاری، اطاعت، توکل، بشاشت، استقامت، عبادت، خداترسی، شکرگزاری، غرض ہر نیکی، ہر صفت حسنہ، ہر شاخ تقویٰ کو کہاں تلاش کروں اور کہاں پاؤں۔ تو بلا تامل، پورے اطمینان، کامل اعتماد اور وثوق کے ساتھ کہا جاسکے۔**

بسم اللہ، جایئے خدام الاحمدیہ میں سے کسی خادم کے قول و کردار کا مطالعہ کر لیجئے اور اپنا اطمینان ہوجانے پر پھر غور فرمایئے کہ جس درخت کا پھل ایسا شیریں اور خوشگوار ہے۔ وہ درخت کیسا شاندار اور اس کی جڑیں کیسی مضبوط اور اس کی شاخیں کس قدر بلند اور وسیع ہیں۔ آپ بھی اس درخت کے سائے میں بسیرا کیجئے اور دین و دنیا میں راحت اور امن کے وارث بن جایئے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل ورحم سے ہم سب کو ایسا ہی نمونہ بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

ظفر اللہ خان

حشر کے روز نہ کرنا ہمیں رسوا و خراب
پیارو آموختہ درس وفا خام نہ ہو

......جب پکڑتا ہے خدا

کیوں نہیں لوگو تمہیں خوفِ خدا
کیوں بھلا بیٹھے ہو تم روزِ جزا

جو لگایا میرے مولا نے شجر
کاٹ ڈالو گے اسے کیسے بھلا

شاہد و مشہود کے انکار پر
روبرو مولیٰ کے تم بولو گے کیا

ظلم کرتے ہو عبث تم رات دن
کیوں بنے پھرتے ہو تم خود ہی خدا

سوچ لو کہ ظلم کی پاداش میں
کوئی بچتا تم نے دیکھا ہے بھلا

خوں شہیدانِ وفا کا ظالمو
رنگ لائے گا یقیناً جا بجا

یاد رکھنا جب پکڑتا ہے خدا
نقش دھرتی سے وہ دیتا ہے مٹا

آج ہر اِک ملک میں ہر احمدی
کر رہا ہے اپنے مولیٰ سے دُعا

’’کچھ نمونہ اپنی قدرت کا دکھا
تجھ کو سب قدرت ہے اے رب الوریٰ‘‘

عطاء المجیب راشد

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ
مطبع: ضیاء الاسلام پریس
مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ
قیمت 5 روپے

مکرم نذیر احمد سانول صاحب

قرآن کریم کو سیکھنے اور سکھانے کی برکات

قرآن مجید کے لغوی معنے

''قرآن'' کا لفظ قرآن کریم میں 68 بار آیا ہے۔عربی لغت کے مطابق قرآن پاک کا لفظ ''قَرَءَ'' سے نکلا ہے اور اس کے درج ذیل معانی کئے گئے ہیں۔

1۔قَرَءَ کے اولین اور بنیادی معنے اکٹھا کرنے اور جمع کرنے کے ہوتے ہیں مختلف اور متفرق اشیاء کو ملانے اور سمیٹنے کے عمل کو قَرَءَ کہتے ہیں۔

2۔کسی زبان کے حروف اور الفاظ کو ملایا جائے اور اکٹھا کیا جائے تو پڑھنے کا فعل وجود میں آجاتا ہے اس بناء پر ''قَرَءَ'' کے ایک معنی پڑھنے کے ہیں اور اس فعل کو ''قراءت'' کہتے ہیں۔

3۔کسی تحریر کو پڑھ کر سنانے میں کسی بات کو آگے پہنچانے یا پیغام کا مضمون پایا جاتا ہے اس بناء پر ''قَرَءَ'' کے ایک معنی اعلان کرنے یا پیغام دینے کے ہوتے ہیں۔

قرآن کے لفظ میں پیشگوئی

قرآن کے لفظ میں کثرت کی پیشگوئی بھی پائی جاتی ہے یہ وہ مبارک کتاب ہے جو زبانی، تحریری اور تقریری لحاظ سے دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی، لکھی اور حفظ کی جاتی ہے۔

''قرآن'' کا لفظ مصدر ہے اور مصدر اسم فاعل یا اسم مفعول کا مفہوم ادا کیا کرتا ہے قرآن کریم کا لفظ اسم مفعول کے معنے دیتا ہے جس کے معنے بنتے ہیں ایسی کتاب جو پڑھی جاتی ہے چنانچہ لفظ قرآن اپنے اندر یہ معنے پروئے ہوئے ہے کہ اس مقدس ترین کتاب کی بکثرت تلاوت کی جائے گی اور اس کو پڑھانے والے اور پڑھنے والے کثرت کے ساتھ موجود رہیں گے۔

حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں۔

پانی کر دے علوم قرآں کو
گاؤں گاؤں میں ایک رازی بخش

قرآن کریم کا مبارک نام

آسمانی صحیفوں، نوشتوں اور الہامی کتابوں، شریعتوں کے بڑے خوبصورت اور پیارے پیارے نام رکھے ہوئے ہیں مگر ان تمام مقدس کتابوں میں سے صرف قرآن مجید کا مبارک نام اللہ تعالیٰ نے خود تجویز فرمایا ہے حضرت مصلح موعودؓ فرماتے ہیں۔

''پہلی کتابوں مثلاً تورات اور انجیل وغیرہ کا نام خدا تعالیٰ نے نہیں رکھا۔لیکن رسول کریم ﷺ کی کتاب کا نام قرآن خود خدا نے رکھا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 205)

نزول قرآن کی ابتداء

اللہ جل شانہٗ نے اپنے پیارے کلام کے نزول کی ابتداء کے لئے مبارک مہینہ رمضان شریف کو پسند فرمایا۔اس سلسلہ میں صاحب تفسیر کبیر حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ ارشاد فرماتے ہیں۔

''رمضان ایسا مہینہ ہے جس میں قرآن کریم کے نزول کا آغاز ہوا۔چنانچہ حدیثوں سے صاف طور پر ثابت ہے کہ قرآن کریم کا نزول رمضان کے مہینہ میں شروع ہوا۔اور گو تاریخ کی تعیین میں اختلاف ہے لیکن محدثین عام طور پر 24 تاریخ کی روایت کو مقدم بتاتے ہیں۔چنانچہ علامہ ابن حجر عسقلانی اور علامہ زرقانی دونوں نے اس روایت کو ترجیح دی ہے کہ قرآن کریم رمضان کی 24 تاریخ کو اترنا شروع ہوا تھا۔

(زرقانی شرح مواہب اللدنیہ جلد اول ص 207 و بحر محیط جلد 2 ص 29)

(تفسیر کبیر جلد دوم صفحہ 394)

قرآن پاک سیکھنے کا خوبصورت طریق

اللہ تبارک و تعالیٰ نے قرآن مجید پڑھنے پڑھانے اور سیکھنے سکھانے والے ہر دو کو پابند فرمایا ہے کہ اس رحمت بھری کتاب کو پڑھنے سے قبل ظاہری و باطنی پاکیزگی اختیار کریں اور معلمین و متعلمین کو استعاذہ اختیار کرنے کی تاکید کی ہے۔یوں دونوں خدا تعالیٰ کی پناہ میں آکر بابرکت ہو جاتے ہیں چنانچہ فرقان حمید اس بارے حکم فرماتا ہے۔

''اے مخاطب جب تو قرآن پڑھنے لگے تو دھتکارے ہوئے شیطان (کے شر) سے (محفوظ رہنے کے لئے) اللہ کی پناہ مانگ (لیا کر)

(سورۃ النحل آیت:99)

قرآن پڑھنے والے کی مثال

حدیث شریف میں آیا ہے

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا قرآن کریم پڑھنے والے مومن کی مثال نارنگی کی سی ہے کہ جس کا مزہ بھی اچھا ہوتا ہے اور خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور اس مومن کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت نہیں کرتا وہ کھجور کی طرح ہے کہ اس کا مزہ تو اچھا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی اور اس فاجر کی مثال جو قرآن کریم کی تلاوت کا عادی ہے گل ریحان کی طرح ہے جس کی خوشبو تو اچھی ہوتی ہے لیکن اس کا مزہ کڑوا ہوتا ہے اور اس فاجر کی مثال جو قرآن کریم نہیں پڑھتا حنظل کی طرح ہے جس میں مہک اور خوشبو بھی نہیں ہوتی اور اس کا مزہ بھی تلخ اور کڑوا ہوتا ہے۔

(ابو داؤد۔کتاب الادب)

حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ نے اس تمثیل میں چار چیزوں سے نارنگی، کھجور، گل ریحان اور حنظل کی مثالیں دے کر بنی نوع انسان کو خوب سمجھا دیا ہے کہ قرآن کریم پڑھنے پڑھانے والے بابرکت وجود ہیں اور اس میں سستی کرنے والے نقصان اور خسارے میں ہیں۔

تمام صحابہؓ قرآن کریم کے طالب علم تھے

اللہ تعالیٰ کی رحمت جوش میں آئی اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کو ہمارے آقا و مطاع جیب کبریاء سید الاحیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے پاس پیارا پیارا دلوں کو موہ لینے والا دائمی کلام دے کر بھیجا اس کلام اللہ کے ابتدائی مبارک الفاظ یہ تھے:۔

اپنے رب کا نام لے کر پڑھ جس نے (سب اشیاء) کو پیدا کیا (اور جس نے) انسان کو ایک خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا (پھر ہم کہتے ہیں کہ قرآن کو) پڑھ کر سناتا رہ کیونکہ تیرا رب بڑا کریم ہے وہ رب جس نے قلم کے ساتھ علم سکھایا (ہے اور آئندہ بھی سکھائے گا)۔

(سورۃ العلق آیات 1 تا 5)

نزول قرآن کریم کا سلسلہ تقریباً تئیس سال تک مسلسل جاری رہا جوں جوں حضرت جبرائیل علیہ السلام قرآن مجید کا حصہ نبی پاک علیہ السلام کے پاس لاتے، ساتھ ساتھ نازل شدہ حصہ آپ ﷺ نے اپنے جان نثار صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کو سناتے اور مخصوص صحابہؓ کو کلام اللہ کا نازل شدہ حصہ لکھوا دیا کرتے اور صحابہؓ اسے ساتھ ساتھ حفظ بھی کر لیا کرتے اور خوش الحانی سے بلند آواز میں تلاوت فرمایا کرتے یہ بات یقینی ہے کہ صحابہؓ کرام عاشق قرآن مجید تھے اس انتظار میں رہتے کہ آئندہ نازل ہونے والا حصہ بھی سن کر یاد کر لیں اس میں عمروں کی کوئی پابندی نہ تھی اصحاب رسول مقبول ﷺ میں ہر عمر کے پاک وجود موجود تھے بچوں سے لے کر بڑی عمر والوں تک تمام کے تمام صحابہؓ قرآن کریم سیکھا کرتے تھے اور یہ تعلیم و تربیت کا سلسلہ پورے تئیس سال تک رہا اور ہر صحابی متعلم بھی تھا اور معلم بھی اور یہ بات ہم کہہ سکتے ہیں کہ صحابہؓ تئیس سال میں حافظ قرآن بنے تھے سبحان اللہ کیسے خوش نصیب قرآن پڑھانے والے تھے اور کیسے خوش بخت قرآن پڑھنے والے تھے۔

یہ بڑا ہی معرفت کا نکتہ ہے

ابتداء نزول قرآن کریم کے وقت باقاعدہ کوئی مدرسہ نہ تھا جہاں باقاعدہ قرآن کریم پڑھائے اور حفظ کرائے جانے کا انتظام ہو۔یہ دنیا کا قاعدہ ہے کہ جو پیدائشی بہرہ ہو وہ نہ کلام سن سکتا ہے اور نہ ہی دوسرے کی بات دہرا سکتا ہے عربوں میں حافظہ بڑا مضبوط تھا سن کر شعراء کا کلام یاد کر لیتے تھے۔صحابہ بھی آپ ﷺ سے کلام الٰہی سن کر حفظ کر لیا کرتے تھے صحابہؓ میں کوئی بہرہ نہ تھا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں۔

''میں نے بڑی تحقیقات کی ہے۔رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں سے کوئی ایک بھی بہرا نہ تھا۔یہ بڑا ہی معرفت کا نکتہ ہے۔''

(مرقاۃ الیقین فی حیات نور الدین ص:217)

معلم اور استاد

رسول کریم رؤف الرحیم ﷺ نے مسجد نبوی میں انفرادی تلاوت کرنے اور دعائیں مانگنے والوں کو بھی سراہا ہے لیکن علوم قرآن کو پڑھنے پڑھانے اور سیکھنے سکھانے والوں کے ساتھ خود کو شامل فرمایا ہے اس سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ قرآن کریم کی تعلیم کو عام کرنے والوں کو رسول پاک ﷺ نے بے حد پسند فرمایا ہے اور ایسا کرنے والوں کی دلجوئی فرمائی ہے اور خوشی کا اظہار فرمایا ہے آپ کی خوشنودی قیامت تک قرآنی علوم پھیلانے والوں کے ساتھ ساتھ رہے گی حدیث پاک میں اس طرح بیان ہوا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن آنحضرت ﷺ اپنے گھر سے نکل کر مسجد میں تشریف لائے اور دیکھا کہ مسجد میں دو حلقے بنے ہوئے ہیں۔کچھ لوگ تلاوت قرآن کریم اور دعائیں کر رہے ہیں اور کچھ لوگ پڑھنے پڑھانے میں مشغول ہیں۔اس پر رسول اللہؐ نے فرمایا۔دونوں گروہ نیک کام میں مصروف ہیں۔یہ قرآن کریم پڑھ رہا ہے اور دعائیں مانگ رہا ہے، اللہ تعالیٰ چاہے تو انہیں دے اور چاہے تو نہ دے یعنی ان کی دعائیں قبول کرے یا نہ کرے اور یہ لوگ پڑھنے پڑھانے میں مشغول ہیں اور خدا تعالیٰ نے مجھے معلم اور استاد بنا کر بھیجا ہے۔اس لئے آپؐ پڑھنے پڑھانے والوں میں جا بیٹھے۔

(ابن ماجہ باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم)

قرآن پاک کا معلم اول

ہمارے پیارے رسول مقبول حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی ذات بابرکت براہ راست قرآن مجید و فرقان حمید کی تعلیم دیتے ہوئے حرف بحرف اور لفظ بلفظ یاد کرا رہی تھی یعنی قرآن کریم کی پیاری تعلیم دینے کے معلم اول حضرت اللہ جل شانہ تھے اور صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین کے پاک معلم نبیوں کے سردار خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ

تھے اور آپ کے بعد بنی نوع انسان کے معلمین اللہ تعالیٰ کے محبوب کے صحابہ کرامؓ تھے جو انسانوں کو قرآن کریم پڑھاتے سناتے سکھاتے اور حفظ کراتے اور عمل کراتے رہے اور یہ پاکیزہ طریق سلسلہ بسلسلہ چلتا رہا اور انشاءاللہ قیامت تک چلتا رہے گا کیونکہ آپؐ نے یہ نوید سنائی ہے کہ تم میں سے بہترین آدمی وہ ہے جو قرآن سیکھتا ہے اور پھر دوسروں کو سکھاتا ہے یوں دونوں بابرکت وجود بن جاتے ہیں یوں دیئے سے دیا اور چراغ سے چراغ روشن ہونے لگتا ہے اور سارا معاشرہ بابرکت ہونے لگتا ہے۔

قرآن کی برکت سے وحشی استاد بن گئے

عرب آزاد منش تھے ان میں دنیا کی ہر برائی موجود تھی اہل تمدن ان سے نفرت کرتے تھے دنیا میں ان کا کوئی مقام عزت و وقار نہ تھا لیکن قرآن کریم پڑھنے اور پڑھانے کی برکت سے صاحب وقار بن گئے۔ یہ قرآن پاک سیکھنے اور سکھانے کی برکت ہی تو تھی جس نے انہیں ایسی عظمت عطا کی کہ دنیا کے نگران وحکمران بن گئے یہ قرآن مجید حفظ کرنے اور حفظ کرانے کی برکت ہی تو تھی جس سے ان کو دنیا نے سر آنکھوں پہ بٹھایا اور جھوٹے ادیان و مذاہب کو خیر باد کہہ کے دین حق کے حسین قلعہ میں داخل ہو گئے اور اپنے معابد، گرجے، آتش کدے اور مندر پیش کر دیئے اسی لئے تو کسی شاعر نے کہا ہے۔ ؎

نہ ہو ممتاز کیوں اسلام دنیا بھر کے دینوں میں
وہاں مذہب کتابوں میں یہاں قرآن سینوں میں

حضرت حافظ حکیم نورالدین صاحب خلیفة المسیح الاول فرماتے ہیں۔

''عرب جاہل تھے، وحشی تھے، خدا سے دور تھے۔ محکوم نہ تھے تو حاکم بھی نہ تھے۔ مگر جب انہوں نے قرآن کریم کا شفا بخش نسخہ استعمال کیا تو وہی جاہل دنیا کے استاد اور معلم بنے وہی وحشی متمدن، دنیا کے پیش رو اور تہذیب و شائستگی کے چشمے کہلائے۔ وہ خدا سے دور کہلانے والے خدا پرست اور خدا میں ہو کر دنیا پر ظاہر ہوئے وہ جو حکومت کے نام سے بھی ناواقف تھے۔ دنیا بھر کے مظفر و منصور اور فاتح کہلائے۔ غرض کچھ نہ تھے سب کچھ ہو گئے۔ مگر سوال یہی ہے کیونکر؟ اسی قرآن کریم کی بدولت، اسی دستور العمل کی رہبری سے۔ پس تیرہ سو برس کا ایک مجرب نسخہ موجود ہے۔ جو اس قوم نے استعمال کیا جس میں کوئی خوبی نہ تھی اور خوبیوں کی وارث اور نیکیوں کی ماں بنی۔ غرض یہ مجرب نسخہ ہے۔''

(حقائق الفرقان جلد 4 ص 287)

قرآن کریم کی تعلیم

سیدنا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد صاحب خلیفة المسیح الثانی قرآن کریم کو پڑھنے پڑھانے عمل کرنے کرانے اس میں غور وفکر اور تدبر کرنے کی برکات کا ذاتی تجربہ بیان فرماتے ہیں۔

وہ لوگ جنہوں نے اس دولت کو نہیں لیا وہ اس کی عظمت کو کیا سمجھ سکتے ہیں۔ ہم لوگ جنہوں نے اس دولت کو قبول کیا ہے۔ ہم جانتے ہیں کہ اس کی کیا عظمت ہے اور یہ کتنی قیمتی اور بے مثال چیز ہے۔ ہم نے تو اس دولت سے اس قدر حصہ پایا کہ ہمارے گھر بھر گئے ہیں۔ مثلاً میرا اپنا وجود ہی ہے۔ دنیوی لحاظ سے میں پرائمری فیل ہوں۔ مگر چونکہ گھر کا مدرسہ تھا اس لئے اوپر کی کلاسوں میں مجھے ترقی دے دی جاتی تھی۔ پھر مڈل میں فیل ہوا مگر گھر کا مدرسہ ہونے کی وجہ سے پھر مجھے ترقی دے دی گئی۔ آخر میٹرک کے امتحان کا وقت آیا تو میری ساری پڑھائی کی حقیقت کھل گئی اور میں صرف عربی اور اردو میں پاس ہوا اور اس کے بعد پڑھائی چھوڑ دی گویا میری تعلیم کچھ بھی نہیں۔ مگر آج تک ایک دفعہ بھی ایسا نہیں ہوا کہ کسی نے میرے سامنے قرآن کریم کے خلاف کوئی اعتراض کیا ہو اور پھر اسے شرمندگی نہ ہوئی ہو بلکہ اسے ضرور شرمندہ ہونا پڑا ہے اور اب بھی میرا دعویٰ ہے کہ خواہ کوئی کتنا بڑا عالم ہو۔ وہ اگر قرآن کریم کے خلاف میرے سامنے کوئی اعتراض کرے گا تو اسے ضرور شکست کھانی پڑے گی اور وہ شرمندہ اور لاجواب ہوئے بغیر نہیں رہ سکے گا۔ میں یورپ بھی گیا ہوں، میں مصر بھی گیا ہوں، میں شام بھی گیا ہوں اور میں ہندوستان میں بھی مختلف علوم کے ماہرین سے ملتا رہا ہوں مگر ایک دفعہ بھی ایسا نہیں ہوا کہ میں نے علمی اور مذہبی میدان میں خدا تعالیٰ کے فضل سے فتح نہ پائی ہو۔ بلکہ جب بھی انہوں نے مجھ سے کوئی گفتگو کی ہے انہیں ہمیشہ میری فوقیت اور میرے دلائل کی مضبوطی کو تسلیم کرنا پڑا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد دہم صفحہ 357)

انعامات کے وارث

قرآن مجید پڑھنے پڑھانے کی یہ برکت ہے کہ بندہ کو خدا تعالیٰ کا مقرب بنا دیتی ہے۔ گھر رحمتوں اور برکتوں سے بھر جاتے ہیں۔ فرشتے دوستی کر لیتے اذھان میں جلا آ جاتی ہے۔ غور وفکر کی عادت پڑ جاتی ہے دین و دنیا اور آخرت کے انعامات کا وارث بنا دیتی ہے۔ قرآن کریم پڑھنے سیکھنے اور سکھانے کی برکات کا ذکر کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود بیان فرماتے ہیں۔

وہ لوگ جنہوں نے اس ذکر یعنی قرآن کریم کا انکار کیا جبکہ وہ ان کے پاس آیا حالانکہ وہ بڑی عزت والی کتاب ہے وہ اپنی تباہی کا اپنے ہاتھوں سامان کر رہے ہیں۔ یہ کتاب وہ ہے کہ نہ باطل اس کے آگے سے آ سکتا ہے اور نہ اس کے پیچھے سے اور بڑی حکمتوں اور تعریفوں والے خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔ ایسی عظیم الشان اور بابرکت کتاب جو انسانیت کے لئے شرف کا باعث ہے اور جس کی پیش کردہ سچائیوں کو نہ سابق علوم غلط ثابت کر سکے ہیں اور نہ موجودہ زمانہ کے علوم اس کی کسی بات کو غلط قرار دے سکے ہیں۔ اس سے اگر کوئی شخص اعراض کرتا ہے تو وہ یقیناً اپنی ہلاکت اور بربادی اپنے ہاتھوں مول لیتا ہے۔ یہ کتاب خدا تعالیٰ نے اس لئے نازل کی ہے کہ بنی نوع انسان اسے پڑھیں۔ اس کے علوم کو سیکھیں۔ اپنے اہل و عیال کو سکھائیں۔ اور پھر تمام دنیا میں اسے پھیلاتے چلے جائیں۔ یہاں تک کہ دنیا کے چپہ چپہ پر خدائے واحد کی حکومت قائم ہو جائے اور اسود و احمر تک خدا تعالیٰ کا نام اور اس کا پیغام پہنچ جائے۔ جو لوگ اس کتاب کو اپنا دستور العمل بنالیں گے وہ دنیا میں بھی سر بلند ہوں گے اور آخرت میں بھی اللہ تعالیٰ کے انعامات کے وارث ہوں گے۔

(تفسیر کبیر جلد ششم صفحہ 482)

اس کتاب عالی مقام کے ساتھ بے شمار برکات وابستہ ہیں

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی پیاری کتاب ہے اس کی حفاظت کا خداوند قدوس نے خود ذمہ لیا ہے قرآن کریم کے حروف، الفاظ، زیر وزبر اور ہر ایک شعشہ محفوظ رہے گا اس میں کسی قسم کا کوئی سقم پیدا نہ ہو سکے گا ہر مخالف حربہ ناکام ہو گا ہر دشمن منصوبہ نامراد ہو گا اور قیامت تک یہ پیاری کتاب اپنی اصلی شکل اور اصلی برکات کے ساتھ محفوظ و مامون رہے گی وعدہ اس نے کیا ہے جو اس بات پر قادر ہے وہ غالب وقدیر ہے وہ حفاظت کرنی جانتا ہے اس لحاظ سے جو قرآن کریم پڑھیں گے اور پڑھائیں گے اور سیکھیں گے اور سکھائیں گے، حفظ کریں گے اور حفظ کرائیں گے ان وجودوں کے جسموں روحوں، مالوں، جانوں اور اولادوں کی بھی وہ ذات بابرکات حفاظت فرمائے گی۔ یقیناً اس کتاب کریم کے ساتھ بے شمار برکات وابستہ ہیں اور اس عالی کتاب کو پڑھنے، پڑھانے سیکھنے اور سکھانے والے ان برکات سے مستفیض ہوتے رہیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن کریم پڑھنے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

حرف آخر

آخر پر برکت کی خاطر سیدنا و امامنا حضرت مسیح موعود کے دعائیہ اردو منظوم کلام میں سے چند اشعار جو آپ نے اپنی پیاری مبشر اولاد کے قرآن کریم کی تکمیل پر ارشاد فرمائے تھے شامل تحریر ہیں۔ ؎

ہے آج ختم قرآن نکلے ہیں دِل کے ارماں
تو نے دکھایا یہ دِن میں تیرے منہ کے قرباں
قرآن کتابِ رحماں سکھائے راہِ عرفان
جو اس کے پڑھنے والے ان پر خدا کے فیضاں
ان پر خدا کی رحمت جو اس پہ لائے ایماں
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

اللہ تعالیٰ ہر خادمِ قرآن کے لئے حضور کی پیاری دعائیں قبول فرمائے۔ آمین

☆☆☆

تعارف

آنکھ سمندر
شاعر۔ مبارک احمد جاذبؔ

مبارک احمد جاذبؔ کا تعلق فیصل آباد (لائلپور) سے ہے۔ اب وہ 1988ء سے اسلام آباد میں مقیم ہیں۔ فیصل آباد میں قیام کے دوران بھی انہیں شعر و شاعری سے دلچسپی تھی اور اسلام آباد آ کر بھی انہوں نے مشق سخن جاری رکھی۔ ''آنکھ سمندر'' مبارک احمد جاذبؔ کا پہلا مختصر شعری مجموعہ ہے۔ مجموعے کے شروع میں جناب ڈاکٹر محمد صدیق شبلی نے مبارک جاذبؔ کی شاعری پر تبصرہ لکھا ہے۔

مختلف مشاغل، ٹی وی چینلز کی بہتات اور انٹرنیٹ کی وجہ سے قاری کا کتاب سے رشتہ کم ہوتے ہوتے ٹوٹنے کے قریب آ پہنچا ہے۔ شاعری عطیہ خداوندی ہے۔ مبارک احمد جاذبؔ اس لحاظ سے مبارکباد کے مستحق ہیں کہ وہ آج کے اس مصروفیت کے دور میں نہ صرف شاعری کے لئے وقت نکال رہے ہیں بلکہ اپنا شعری مجموعہ ''آنکھ سمندر'' کے نام سے شائع کر چکے ہیں۔ جاذب نے شاعری کی مختلف اصناف غزل، نظم اور قطعہ وغیرہ میں طبع آزمائی کی ہے۔ اپنے دل کی آواز کو قاری تک پہنچانے کے لئے جاذبؔ نے بڑی آسان اور سادہ راہ اپنائی ہے۔ وہ ضابطوں اور فنی باریکیوں میں الجھے بغیر براہ راست اپنے قاری سے مخاطب ہوتے ہیں۔ جاذب کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

بجلیاں آج جہاں کوند رہی ہیں پیہم
ہم نشینو! تھا اسی شاخ پہ مسکن اپنا
رازداں کس کو بنائیں کہ بھری دنیا میں
کوئی جاذبؔ نظر آتا نہیں محسن اپنا

....

آستانے میں خود کشی چیخی
کون مقتل میں زندگی ہارا

مبارک جاذبؔ زندگی بارے اپنا نظریہ اس قطعہ میں یوں بیان کرتے ہیں۔

زندگی مثل برگ آوارہ
زندگی حسرتوں کا گہوارہ
زندگی روشنی کی ایک کرن
زندگی جیت کے بھی میں ہارا

خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ عمدہ کاغذ پر 73 صفحات پر مشتمل یہ مختصر شعری مجموعہ مبارک احمد جاذبؔ کی پہلی کوشش ہے۔ اگر مبارک جاذبؔ نے محنت اور مستقل مزاجی سے شاعری کا مشغلہ جاری رکھا تو آئندہ امید کی جا سکتی ہے کہ وہ ادبی حلقوں میں اپنا نام بنانے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ (الف۔ن۔ع)

تبصرہ

حضرت میر محمد اسماعیل

تصنیف: مکرم سید حمید اللہ نصرت پاشا صاحب
ناشر: نظارت نشر واشاعت قادیان
مطبع: فضل عمر پریس قادیان
صفحات: 104

سیدنا حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفیق حضرت میر محمد اسماعیل جماعت کے دیرینہ خادم اور حضرت سیدہ نصرت جہاں بیگم (اماں جان) اور حضرت میر محمد اسحٰق کے بھائی تھے۔آپ کا تعلق دہلی میں آباد ایک معزز اور معروف سید خاندان سے تھا۔ حضرت خواجہ میر دردؒ رشتہ کے لحاظ سے حضرت میر محمد اسماعیل کے دادا کے نانا کے نانا تھے۔حضرت خواجہ میر درد اپنے زمانہ کے مشہور ولی اور صوفی شاعر تھے۔

حضرت میر محمد اسماعیل کی سیرت و سوانح محنت، تحقیق، گہرے مطالعہ اور خوبصورتی کے ساتھ مکرم سید حمید اللہ نصرت پاشا صاحب ڈینٹل سرجن فضل عمر ہسپتال نے تالیف کی ہے جس میں حضرت میر صاحب کی زندگی کا ہر اہم موضوع اور سیرت کا ہر پہلو بیان کیا گیا ہے۔اس کتاب کو اس انداز سے طبع کیا گیا ہے کہ جو قاری حضرت میر صاحب سے واقف نہ بھی ہو اس کے مطالعہ کے بعد آپ کی پُر اثر اور لطیف شخصیت سے بہت حد تک واقف ہو جائے گا۔حضرت میر صاحب کے خاندانی پس منظر، حضرت مسیح موعود سے دلی اور والہانہ وابستگی اور شمائل وخصائل سے لے کر آپ کے علمی وروحانی کارناموں تک سب اس کتاب میں آپ موجود پائیں گے۔

حضرت اماں جان، حضرت میر محمد اسماعیل صاحب سے 16 سال بڑی تھیں۔

حضرت میر محمد اسماعیل صاحب 18 جولائی 1881ء کو دہلی میں پیدا ہوئے۔آپ کے والد حضرت میر ناصر نواب صاحب دہلی سے ہجرت کر کے قادیان آباد ہو گئے۔بچپن اور سکول کا زمانہ قادیان میں گزرا اور آپ کی پرورش حضرت مسیح موعود کی نگرانی میں ہوئی۔1900ء میں آپ نے ایف ایس سی کا امتحان دیا۔حضرت مسیح موعود اور حضرت اماں جان دونوں کی خواہش تھی کہ حضرت میر صاحب ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کریں۔1905ء میں آپ نے کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور سے ایم بی بی ایس پاس کیا۔اس امتحان میں آپ نے پنجاب بھر میں اول پوزیشن حاصل کی۔حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب ایک بہت اعلیٰ درجہ کے فزیشن اور ماہر سرجن تھے۔1936ء میں حضرت میر صاحب سول سرجن کے عہدے سے ریٹائر ہو کر قادیان آ کر آباد ہو گئے اور پھر باقی عمر قادیان میں ہی بسر کی۔قادیان آنے کے بعد آپ نور ہسپتال میں بھی طبی خدمات انجام دیتے رہے۔آپ ایک عظیم صوفی، عارف باللہ، صاحب الہام اور اعلیٰ پائے کے نثر نگار اور شاعر تھے۔آپ کے نعتیہ کلام کے ہر مصرعہ سے آنحضرت ﷺ سے عشق اور فدائیت کا تعلق جھلکتا تھا۔آپ کی ایک شہرۂ آفاق نعت سلام بحضور سید الانام کا پہلا شعر یہ ہے۔

بدرگاہ ذی شان خیر الانام
شفیع الوریٰ، مرجع خاص و عام

اس نعت کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا تھا کہ ''جب سے میں نے ہوش سنبھالی ہے کبھی ایسی نعت حضرت مسیح موعود کی نعتوں کے بعد نہ سنی نہ دیکھی اور میرا خیال ہے ہمیشہ کے لئے یہ نعت حضرت میر صاحب کو خراج تحسین پیش کرتی رہے گی''۔

1924ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب یورپ کے سفر پر تشریف لے جارہے تھے تو آپ نے حضرت میر صاحب کو ناظر اعلیٰ صدر انجمن احمدیہ مقرر فرمایا۔آپ انتہائی صفائی پسند اور نفیس طبیعت کے مالک تھے۔آپ کی دو بیگمات تھیں اور آپ کی تربیت کا اثر تھا کہ دونوں بیویوں میں کبھی ناچاقی نہیں ہوئی بلکہ دونوں کے درمیان حقیقی بہنوں سے بڑھ کر محبت اور تعاون کا تعلق تھا۔آپ کی تمام اولاد آپ کی دوسری بیگم سے تھی۔آپ کو اللہ تعالیٰ نے سات بیٹیاں اور تین بیٹے عطا فرمائے۔آپ نے 12 تصانیف کے ذریعہ جماعت کے لٹریچر میں گرانقدر اضافہ فرمایا ان کے علاوہ متعدد عناوین پر مضامین مختلف اخبارات و رسائل میں شائع ہوئے جو مضامین اب حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل کے نام سے دو جلدوں میں شائع ہو چکے ہیں۔آپ کی وفات 18 جولائی 1947ء کو ہوئی ٹھیک اسی دن جس دن آپ پورے 66 برس کے ہوئے۔

جس طرح اوپر بیان کیا گیا ہے کہ حضرت میر صاحب کی سیرت و سوانح پر مشتمل 100 صفحات کی اس کتاب میں آپ کی زندگی کا ہر گوشہ اور پہلو بہت ترتیب اور احسن رنگ میں اس طرح شامل کیا گیا ہے کہ قاری جب تک تمام کتاب پڑھ نہ لے تشنگی دور نہیں ہوتی۔اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ جن کی مسلسل محنت اور لگن کا یہ نتیجہ ہے۔

(ایف شمس)

مکرم طیب احمد منصور صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ پرتگال

ساتواں سالانہ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ پرتگال

محض خدا تعالیٰ کے فضل اور احسان سے مورخہ 30 اپریل و یکم مئی 2010ء مجلس خدام الاحمدیہ پرتگال کو اپنا ساتواں سالانہ اجتماع منعقد کرنے کی توفیق ملی۔مجلس خدام الاحمدیہ پرتگال کا سالانہ اجتماع عموماً اگست کے مہینہ میں ہوتا ہے مگر اس سال رمضان المبارک اور جلسہ سالانہ برطانیہ کے پیش نظر مندرجہ بالا تواریخ تجویز کی گئیں جن کی سیدنا و امامنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت منظوری عطا فرمائی۔ذیل میں اجتماع کے پروگراموں کا خلاصۃً ذکر کیا جاتا ہے،اس دعا کی درخواست کے ساتھ کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل اور رحم سے مجلس خدام الاحمدیہ پرتگال کو ہمیشہ خلافت احمدیہ کے ساتھ وابستہ رہنے اور اس کی دائمی برکات سے مستفیض ہونے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔آمین

پہلا روز

افتتاحی اجلاس شام چار بجے شروع ہوا جس کی صدارت مکرم آصف پرویز صاحب صدر جماعت احمدیہ پرتگال نے کی۔تلاوت کے بعد مجلس خدام الاحمدیہ اور اطفال الاحمدیہ کے عہد دہرائے گئے۔نظم کے بعد مکرم آصف پرویز صاحب صدر جماعت احمدیہ پرتگال نے افتتاحی خطاب فرمایا جس میں خدام و اطفال کو مختلف تربیتی امور کی طرف توجہ دلائی اور اجتماع کے پروگراموں میں بھر پور طریقہ سے شامل ہونے کی تلقین فرمائی۔اجتماعی دعا کے ساتھ افتتاحی اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

افتتاحی اجلاس کے بعد علمی مقابلہ جات شروع ہوئے۔جن میں حفظِ قرآن، تلاوت قرآن کریم نظم تقریر، تقریر فی البدیہہ، نداء اور پرچہ ذہانت کے مقابلہ جات شامل تھے۔علمی مقابلہ جات کے بعد نماز مغرب و عشاء ادا کی گئیں اور احباب کی خدمت میں شام کا کھانا پیش کیا گیا۔اس طرح پہلے روز کی کارروائی اختتام پذیر ہوئی۔

دوسرا روز

دوسرا روز ورزشی مقابلہ جات کیلئے مخصوص کیا گیا تھا جس کیلئے مشن ہاؤس سے تقریباً 40 کلومیٹر دور ساحل سمندر کے نزدیک ایک مقام مقرر کیا گیا تھا۔صبح نو بجے کے قریب خدام و اطفال مشن ہاؤس میں اکٹھے ہوئے اور اجتماع انتظام کے تحت ورزشی مقابلہ جات کیلئے روانہ ہوئے۔مقابلہ جات کیلئے طے شدہ جگہ پر پہنچنے کے بعد دوڑ، چھلانگ، نشانہ بازی، رسہ کشی، کلائی پکڑنے اور والی بال کے مقابلہ جات ہوئے جن میں خدام و اطفال نے بھر پور طریقہ سے شمولیت اختیار کی۔مقابلہ جات کے دوران ریفریشمنٹ اور کھانے کا انتظام بھی کیا گیا تھا۔مقابلہ جات کے بعد نمازوں اور اختتامی تقریب کیلئے مشن ہاؤس کیلئے روانگی ہوئی۔

شام ساڑھے پانچ بجے نماز ظہر و عصر ادا کی گئیں اور اس کے بعد اختتامی تقریب ہوئی جس کی صدارت مکرم آصف پرویز صاحب صدر جماعت احمدیہ پرتگال نے کی۔تلاوت اور نظم کے بعد مکرم صدر صاحب جماعت احمدیہ پرتگال نے پوزیشن حاصل کرنے والے خدام و اطفال میں انعامات تقسیم فرمائے۔اس کے بعد مکرم صدر صاحب جماعت احمدیہ پرتگال نے اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کے ساتھ مجلس خدام الاحمدیہ کے ساتویں سالانہ اجتماع کا اختتام ہوا۔

اجتماع کے موقع پر لنگر خانہ حضرت مسیح موعود جاری رہا۔ورزشی مقابلہ جات پر جانے کیلئے جب خدام و اطفال مشن ہاؤس اکٹھے ہو رہے تھے تو بارش ہو رہی تھی جس سے اجتماع کے طے شدہ پروگرام متاثر ہونے کا خدشہ تھا مگر اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل اور رحم سے تھوڑی دیر میں ہی مطلع صاف کر دیا اور سورج اپنی پوری آب و تاب سے چمکنے لگا اور تمام پروگرام بخیر و خوبی انجام پذیر ہوئے۔اجتماع میں LISBON، ODIVELAS اور BRAGA سے 36 احباب شامل ہوئے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس اجتماع کے بابرکت اثرات کو دائمی فرمائے اور شاملین اجتماع کو اس کے تربیتی پروگراموں سے سیکھی گئی نصائح کو اپنی زندگیوں میں جاری کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔آمین

کاربن، ہیرا بھی کوئلہ بھی

کاربن وسیع پیمانے پر پایا جانے والا ایک اہم کیمیائی عنصر ہے۔جبکہ یہی کاربن، کوئلے، پٹرولیم اور قدرتی گیس کا ایک خاص جزو بھی ہے۔کاربن کی خالص شکلیں ہیرا اور گریفائٹ ہیں اور اس کی غیر خالص شکل کوئلہ ہے۔گریفائٹ پینسلوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔جبکہ ہیرے کا شمار ایک سخت اور قیمتی مادے میں ہوتا ہے۔مزید برآں ہیرے اور گریفائٹ کی قلمی ساخت بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہے۔عام طور پر قدرتی ہیرے زمینی قشر کے نیچے موجود دبی چٹانوں میں بنتے ہیں۔تاہم آجکل تجربہ گاہوں میں مصنوعی ہیرے بھی بنائے جا رہے ہیں۔

کس کے ہاتھ آلودہ نہیں؟

مجاہد حسین اپنے کالم انحرافات میں لکھتے ہیں۔

انٹرنیٹ پر یوٹیوب کا صفحہ وزٹ کرتے ہوئے ڈاکٹر اسرار احمد کی ایک ویڈیو نظر آئی۔ اسے ڈاؤن لوڈ کیا تو اس معروف مذہبی سکالر کی گل افشانی یوں شروع ہوئی۔

’’لہٰذا اس کے بعد پارلیمنٹ نے فیصلہ کیا کہ یہ (احمدی) غیر مسلم ہیں اور صحیح فیصلہ کیا لیکن یہ فیصلہ ادھورا ہے یہ بات میں پہلی دفعہ کہہ رہا ہوں، اسے نوٹ کرلیں۔ **غیر مسلم قرار دیئے جانے سے قادیانیت کے فتنے کو کوئی گزند نہیں پہنچا۔** یہ فتنہ جوں کا توں پنپ رہا ہے، جوں کا توں معاشرے میں اپنے سرطان کی جڑیں پھیلا رہا ہے۔ ویسے یہ کہ عالمی سطح پر انہیں بڑی سرپرستی حاصل ہوگئی ہے۔ پوری مغربی دنیا ان کی سرپرستی کررہی ہے لیکن یہ کہ اندرون ملک بھی اس فتنے کا قلع قمع اگر ہوسکتا تھا تو صرف اس وقت جبکہ اس فیصلے کا قانونی اور منطقی تقاضا بھی پورا کیا جاتا اور وہ یہ کہ مرتد کو قتل کی سزا دی جائے۔ اسلام میں مرتد کی سزا قتل ہے‘‘۔

13 جولائی 2009ء کو یوٹیوب پر چڑھائی جانے والی اس ویڈیو کو اب تک 1265 افراد نے دیکھا ہے۔ اس کے علاوہ قابل عزت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین اور نابغہ روزگار حامد میر کے ارشادات ابھی کل کی بات ہیں جو کروڑوں افراد نے سنے۔ خوش قسمتی سے عامر لیاقت حسین تو براہ راست ’’ثواب‘‘ بھی کما چکے ہیں۔ غالب امکان یہ ہے کہ ڈاکٹر اسرار احمد کی روح لاہور کے قتل عام سے ’’آسودہ‘‘ ہوگی اور دیگر عظیم شخصیات بھی احساس فتح مندی سے سرشار ہوں گی۔

اس میں شک نہیں کہ پاکستان میں مذہبی نفرت کا کاروبار کرنے والوں کا سب سے بڑا نشانہ احمدی ہیں جنہیں پاکستان بننے کے فوراً بعد ہی ہدف بنالیا گیا تھا۔ اس کے بعد سیاسی مصلحتوں اور مذہبی جماعتوں کی خوشنودی کے لئے احمدیت کے پیروکاروں کو تختۂ مشق بنایا گیا۔ نفرت اور خوف کی شدت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ **سو سے زائد احمدیوں کی المناک ہلاکت کے باوجود ان کی سماجی تنہائی اور بے بسی کا اندازہ لگانے کے لئے کافی ہے کہ بیشتر سیاسی اور سماجی قوتوں نے اظہار تعزیت کے لئے مقتولین کے لواحقین تک پہنچنے کی کوشش نہیں کی۔ ظاہر ہے لوگ دائیں بازو کے زیر اثر ذرائع ابلاغ اور متشدد مذہبی جماعتوں سے خوفزدہ ہیں کہ اس کے بعد انہیں تکفیر کے فتاویٰ کا سامنا کرنا پڑے گا۔**

وفاقی وزیر امور کشمیر میاں منظور وٹو کے والد عقیدے کے اعتبار سے احمدی تھے۔ ان کی وفات پر پنجاب کا وزیر اعلیٰ ہونے کے باوجود میاں منظور وٹو ان کے جنازے میں شریک نہ ہوئے۔ اس وقت کے صدر فاروق احمد لغاری نے ’’غلطی‘‘ سے وزیر اعلیٰ کے باپ کے ایصال ثواب کی محفل میں شرکت کرلی لیکن فوری طور پر پریس سے درخواست کی گئی کہ صدر کی اس ’’مصروفیت‘‘ کی کوریج نہ کی جائے۔ صدر لغاری اچھی طرح جانتے تھے کہ انہیں غیر مسلم یا ’’نکاح شکستہ‘‘ قرار دے دیا جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ اپنی زندگی اور ازدواج کی عافیت چاہنے والوں نے گزشتہ جمعہ کو لاہور میں ہونے والے احمدیوں کے قتل عام کے بعد احمدی کمیونٹی کو دلاسہ دینے کی کوشش نہیں کی۔ خوفزدہ احمدیوں نے بھی اس شرمناک قتل عام کے خلاف کسی قسم کے عوامی احتجاج سے انکار کردیا ہے کیونکہ وہ بخوبی جانتے ہیں کہ اس طرح وہ مزید غیر محفوظ ہو جائیں گے اور انہیں بچانے کے لئے شاید کوئی آگے نہیں بڑھے گا۔

لاہور میں احمدیوں کا قتل عام پنجابی طالبان کی کارروائی ہے جو براہ راست القاعدہ سے جڑے ہوئے ہیں اور پنجاب کے جنوبی اضلاع میں انہیں لشکر جھنگوی اور جیش محمد کی مدد حاصل ہے۔ ابتدائی تفتیش میں کالعدم حرکت المجاہدین کا نام بھی لیا جارہا ہے جس کے سپہ سالار مولانا فضل الرحمٰن خلیل اسلام آباد میں براجمان ہیں اور ان کے اسامہ بن لادن اور طالبان کے ساتھ رابطے ڈھکے چھپے نہیں۔ جیش محمد کے زیادہ تر ارکان کا تعلق حرکت المجاہدین کے ساتھ ہے جو ایک اندرونی کشمکش کے بعد جیش محمد میں چلے گئے تھے۔ دبے دبے لفظوں میں پنجابی طالبان اور فرقہ پرست گروہوں کی ’’سیاسی سرپرستی‘‘ کا تذکرہ بھی سامنے آرہا ہے اور بعض سیاسی کردار جو براہ راست پنجابی طالبان سے منسلک ہیں۔ ذرائع ابلاغ میں شرمندگی دھونے کی کوشش کررہے ہیں۔

